سوال

مسجد جا کر آکیلے نماز پڑھنا۔ ھ

جواب

مسجد میں جا کر اکیلے نماز پڑھنا؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر کسی وجہ سے،جماعت سے نماز رہ جائے تو کیا اکیلا آدمی پھر بھی نماز مسجد جا کر پڑھے گا۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! آدمی اگر،جماعت سے لیٹ ہو جائے تو بھی اسے مسجد میں جا کر نماز پڑھنی چاہیئے۔ کیونکہ اس کا ایک فائدہ تو یہ ہے کہ شاید وہاں کوئی دوسرا آدمی بھی مل جائے ،جس کے ساتھ آدمی،جماعت کروالے۔ دوسرا فائدہ یہ ہے کہ مسجد کی طرف چل کر جانے پر ہر قدم پر جو نیکیاں ملتی ہیں آدمی انہیں حاصل کرلیتا ہے۔تیسرا فائدہ یہ ہے کہ نماز با،جماعت کی کوشش کرنے کی وجہ سے شاید اللہ تعالی اسے نماز با،جماعت کا ہی ثواب دے دیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی